340 (Old Syllabus)

II

Total No. of Questions - 5
Total No. of Printed Pages - 3

Regd. No.

Part - III

URDU, Paper-I

(Modern Language)

Time : 3 Hours] **[Max. Marks : 100**

I. ذیل میں سے صرف 4 اقتباسات کی تشریح بحوالۂ متن کیجیے : $4 \times 5 = 20$

1. "ساری رات دروازے گھروں کے بند نہ ہوتے اور دکانیں بازار کی کھلی رہتیں۔ راہی مسافر جنگل میدان میں سونا اُچھالتے چلے جاتے۔ کوئی نہ پوچھتا کہ تمہارے منہ میں کئے دانت ہیں۔ اور کہاں جاتے ہو۔"

2. "بھئی تمہیں میرے سر کی قسم سچ کہنا ایسے خوبصورت خوش قطع سڈول چنے تم نے بھی کبھی دیکھے تھے۔"

3. "پاگلوں کی اکثریت اس تبادلے کے حق میں نہیں تھی اس لیے کہ ان کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ انہیں اپنی جگہ سے اُکھاڑ کر کہاں پھینکا جا رہا ہے۔"

4. "پتہ نہیں وہ اس سے کیا سننا چاہتے تھے، یا اس کے چہرے پر کیا پڑھنا چاہ رہے تھے۔"

5. "اوصاف ظاہری بھی ایک ذریعہ معزز ہونے اور معزز بننے کا ہے جو دولت اور حشمت سے بھی زیادہ ان کو معزز بنا دیتا ہے۔"

6. "ہندوستان میرا جنم بھوم اور میرا اپنا وطن ہے اور آنحضرتؐ نے کہا ہے وطن سے محبت ایمان کا جزو ہے۔"

7. "تعلیم کا اصل منشاء ذوق پیدا کرنا ہے اور پھر وہ اپنا راستہ خود نکال دیتا ہے۔"

8. "صاحب جہاں آپ کھڑے ہیں یہ ملکۂ امید کا باغ ہے وہ ملکۂ آرزو کی بیٹی ہے۔"

$1 \times 20 = 20$

II. ذیل میں سے کسی ایک مضمون کا خلاصہ لکھئے :

1. صف شکن
2. لکھنؤ کے آدابِ معاشرت
3. چرخِ شعبدہ باز

$4 \times 5 = 20$

III. ذیل میں سے کسی 4 اشعار کی تشریح کیجئے :

1. نہیں عشق جس کو وہ بڑا کوڑ ہے
کدھیں اُس سے مل بیسیا جائے نا

2. یہ عجیب گھڑی تھی کہ جس گھڑی لیا درس نُسخۂ عشق کا
کہ کتاب عقل کی طاق پر جیوں دھری تھی یوں دھری رہی

3. عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

4. وہ نئے گلے وہ شکایتیں، وہ مزے مزے کی حکایتیں
وہ ہر ایک بات پہ روٹھنا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

5. وہ یاد ہے اس کی جو بھلا دے دو جہاں کو
حالت کو کرے غیر وہ یارانہ ہے اس کا

6. دنیا میری بلا جانے مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں ہستی کی کیا ہستی ہے

7. جس طرف بھی چل پڑے ہم آبلہ پایانِ شوق
خار سے گل اور گل سے گلستان بنتا گیا

8. کانٹوں سے ہے بھرا ہوا دامن نگاہ کا
اب گلشنوں نے پھول کھلائے تو کیا ہوا

IV. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : **1 × 20 = 20**

1. بلبل اور میں

2. آؤ کہ کوئی خواب بُنیں

3. سانحہ

V. (الف) اختر شیرانی کی سانٹ ''عورت'' کا خلاصہ لکھئے۔ **1 × 10 = 10**

یا

''نثری نظم'' سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

(ب) صفت کی تعریف کیجئے اور اس کی قسموں کو مثالوں کے ذریعے بیان کیجئے۔ **1 × 10 = 10**

یا

فعل کی تعریف کیجئے اور فعل کی بلحاظِ زمانہ قسموں کو مثالوں کے ذریعہ بیان کیجئے۔